124201 - روزے اس امت كے خصائص ميں شامل نہيں

سوال

كيا رمضان المبارك كے روزے اس امت محمديہ كے خصائص ميں شامل ہے يا كہ پہلى امتوں پر بھى روزے فرض تھے ؟

پسنديدہ جواب

الحمد لله.

اللہ سبحانہ و تعالى كا فرمان ہے:

اے ايمان والوں تم پر روزے فرض كيے گئے ہيں جس طرح تم سے پہلے لوگوں پر فرض كيے گئے تھے تا كہ تم پرہيزگار بنو البقرة (183).

يہ آيت كريمہ اس پر دلالت كرتى ہے كہ روزے ايك قديم عبادت ہے ہم سے پہلے لوگوں پر بھى اسى طرح فرض تھے جس طرح ہم پر فرض ہيں، ليكن آيا كيا وہ بھى رمضان المبارك كے روزے ركھنے كے مقيد تھے يا نہيں ؟

اس كے متعلق مجھے تو نبى كريم صلى اللہ عليہ وسلم سے كسى نص كا علم نہيں جس ميں يہ بيان ہوا ہو كہ ان پر بھى رمضان المبارك كے روزے فرض تھے " انتہى .